Headquarter Frontier Corps Balochistan (South)
Turbat
Telephone No. 0852-412904
No.201-06/Med / 27/Media
27 April 2021

To: Mr Jamil Ahmed Rathore
Deputy Director-III
Publication Procurement Regularity Authority
(Cabinet Division)
Federal Bank of Co-operative Building
1st Floor, Sector G-5/2 Near SBP
**Islamabad**
Phone No.051-9203314, 9245635
Fax No. 051-9219149, 9224823

Copy to: DSCAF
Ministry of Interior (Interior Division)
Government of Pakistan
**Islamabad**

ID: HQ FC (S) (Medical Branch)

Subject: **Publication of Advertisement**

1. Copy of tender notice for Bulk Purchase of Medicines, of Headquarter Frontier Corps Balochistan (South), Turbat is sent herewith for publish in PPRA website on **29 April 2021**.

2. Your Co-operation in this regard will be highly appreciated, please.

Public Relation Officer
For Inspector General Frontier Corps Balochistan (South)
**(Kashif Waheed)**



Scanned with CamScanner

## ہیڈکوارٹر فرنٹیئر کور بلوچستان ساؤتھ تربت

## ٹینڈر نوٹس برائے ترسیل Bulk Purchase ادویات

(۱) فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) کو یکمشت بنیاد پر (Bulk Purchase) میڈیسن اور میڈیکل سٹور آئٹم خریدنے کیلئے رجسٹرڈ کمپنیز سے برائے سال 22-2021 سربمہر لفافوں میں ٹیکنیکل اور فنانشل کوٹیشنز الگ الگ (بغیر کٹنگ اور کانٹ چھانٹ کے) درکار ہیں متعلقہ کمپنی یا فرم تمام یا چند اشیاء کی تربت فراہمی کی بنیاد پر جمع کرائے گی۔

(۲) اشیاء کی تفصیلات زیر دستخطی کے دفتر سے بعوض -/2,000 روپے (نا قابل واپسی) بنام آئی جی ایف سی (ساؤتھ) بلوچستان بینک ڈرافٹ یا کراس چیک جمع کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

(۳) ٹیکنیکل/فنانشل پروپوزل الگ الگ لفافوں میں مورخہ 26 مئی 2021 کو دن 11:00 بجے تک موصول ہو جانی چاہیے۔ ٹیکنیکل کوٹیشنز مورخہ 26 مئی 2021 کو دن 11:30 بجے پیشکش دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کے روبرو کھولے جائیں گے۔ فنانشل کوٹیشنز مورخہ 28 مئی 2021 کو دن 12:30 بجے پیشکش دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کے روبرو کھولے جائیں گے۔ جس میں تمام اشیاء کی قیمت بمعہ تمام مروجہ ٹیکس شامل ہونگے۔

(۴) ٹینڈر کے ساتھ بطور ضمانت مبلغ -/500,000 روپے کا بینک ڈرافٹ بنام آئی جی ایف سی فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) منسلک ہونا ضروری ہے۔

(۵) اصل CDR فنانشل پروپوزل کے ساتھ منسلک کریں جبکہ اسی CDR کی کاپی ٹیکنیکل پروپوزل کے ساتھ منسلک کی جائے لیکن اس پر درج رقم کو کالی سیاہی سے مٹا دیں تا کہ رقم نظر نہ آئے۔

(۶) مقررہ مدت تک سپلائی نہ کرنے پر سیکیورٹی ڈیپازٹ ضبط کر لی جائی گی۔

(۷) مطلوبہ ہر ایک اشیاء کی بولی ٹینڈر کھولنے کی تاریخ سے لے کر 30 جون 2022 تک برقرار رہے گی۔

(۸) ہیڈکوارٹر فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کوئی ایک یا تمام ٹینڈر PPRA رولز کے تحت منظور یا مسترد کر سکتے ہیں۔

(۹) کنٹریکٹر کا ٹیکس دہندہ اور گورنمنٹ رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔

(۱۰) رقم کی ادئیگی اشیاء کی فراہمی کے بعد ہوگی۔

(۱۱) ٹھیکداران ٹینڈر وصول کرتے وقت اپنا اصل انکم ٹیکس کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ، تین سال کی انکم ٹیکس کی ریٹرن اور اپنے بینک اکاؤنٹ کی پچھلے ایک سال کی بیلنس شیٹ مجاز اتھارٹی سے تصدیق شدہ ہمراہ لائیں گے اور ان کی فوٹو کاپی ٹینڈر کے ساتھ منسلک کریں گے۔ بصورتِ دیگر ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔

(۱۲) کنٹریکٹ حاصل کرنے والے کامیاب کنٹریکٹر کی سیکیورٹی کلیئرنس کی جائے گی۔ کلیئر نہ ہونے کی صورت میں وہ نا اہل تصور ہوگا۔

(۱۳) __اہم ہدایات:__ اگر مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل نہ کیا گیا تو اُس Bid کو شامل نہیں کیا جائے گا:-

(الف) ہر فرم/کمپنی کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنی Quotation/Bid میں (HQFC (S کی فراہم کردہ لسٹ کا سیریل نمبر شامل کرے۔

(ب) ہر فرم/کمپنی کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنی Quotation/Bid میں ہر آئیٹم کا فی عدد ریٹ یعنی Per Unit Rate درج کرے۔

(۱۴) ساری کاروائی PPRA رولز کی روشنی میں کی جائے گی اور ٹینڈر مقررہ تاریخ کو ٹریننگ سینٹر اور سکول، سندھ رینجر سپر ہائی وے نزدیک ٹول پلازہ کراچی میں کھولے جائیں گے۔ اور مزید معلومات کے لیے دفتری اوقات کار میں فون نمبر 0852-412252 اور 0852-412904 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

(۱۵) یہ اشتہار PPRA کی ویب سائٹ WWW.ppra.org.pk پر بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔

لیفٹیننٹ کرنل

برائے آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ)

(سید آصف حسین)

Scanned with CamScanner